## مشق

۱۔ نظم کے مطابق درج ذیل سوالوں کا جواب لکھیں۔

ا۔ اس نظم میں شاعر ستاروں سے کیا کہہ رہا ہے؟

ب۔ شاعر نے نظم میں بہادر اور سورما کس کو کہا ہے؟

ج۔ شاعر نے ستاروں کو ڈرپوک کیوں کہا ہے؟

د۔ آزاد نظم اور معریٰ نظم کی تعریف کریں اور ایک ایک مثال دیں۔


ہ۔ دن کو نکلنے والے ستارے کی کون کون سی خوبیاں بیان کی گئی ہے؟

آزاد نظم :

اُردو شاعری میں جب موضوعات اور خیالات کی بھرمار ہوگئی تو شاعروں کو قافیہ اور ردیف کی پابندی سے اُلجھن ہونے لگی۔مغربی ادب کے زیرِ اثر یہاں بھی جدید نظم کا رواج ہوا۔ ان میں آزاد نظم اور نظمِ معریٰ قابلِ ذکر ہیں۔ آزاد نظم میں قافیہ اور ردیف سمیت وزن اور بحر کی پابندی نہیں ہوتی تاہم اشعار میں تسلسل، روانی اور موسیقیت ضروری ہے۔ آزاد نظم کی بنیاد ایک بحر پر ہوتی ہے لیکن اس بحر کے ارکان کی تقسیم شاعر کی صوابدید پر ہوتی ہے۔ کوئی مصرع بڑا اور کوئی چھوٹا ہوتا ہے اور بعض اوقات تو ایک مصرع بہت طویل ہوتا ہے۔ آزاد نظم میں ہیئت کے حوالے سے متعدد تجربات ہوئے ہیں ۔آزاد نظم میں شعری آہنگ اور صوتی تاثر کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔



# حصّہ غزل



علامہ اقبال

# غزل



جنھیں میں ڈھونڈتا تھا آسمانوں میں زمینوں میں
وہ نکلے میرے ظلمت خانۂ دل کے مکینوں میں

کبھی اپنا بھی نظارہ کیا ہے تو نے اے مجنوں
کہ لیلیٰ کی طرح تو خود بھی ہے محمل نشینوں میں

مہینے وصل کے گھڑیوں کی صورت اُڑتے جاتے ہیں
مگر گھڑیاں جُدائی کی گزرتی ہیں مہینوں میں

مجھے روکے گا تُو اے ناخُدا کیا غرق ہونے سے
کہ جن کو ڈوبنا ہو ڈوب جاتے ہیں سفینوں میں

جلا سکتی ہے شمعِ کشتہ کو موجِ نفس اُن کی
الٰہی کیا چھپا ہوتا ہے اہلِ دِل کے سینوں میں

نہ پُوچھ ان خرقہ پوشوں کی، ارادت ہو تو دیکھ ان کو
یدِ بیضا لیے بیٹھے ہیں اپنی آستینوں میں



محبت کے لیے دل ڈھونڈ کوئی ٹوٹنے والا
یہ وہ مے ہے جسے رکھتے ہیں نازک آبگینوں میں

نمایاں ہو کے دکھلا دے کبھی اُن کو جمال اپنا
بہت مدّت سے چرچے ہیں ترے باریک بینوں میں

خموش اے دِل بھری محفل میں چلّانا نہیں اچھا
ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں

بُرا سمجھوں اُنھیں، مجھ سے تو ایسا ہو نہیں سکتا
کہ میں تو خود بھی ہوں اقبال اپنے نکتہ چینوں میں

(بانگِ دَرا)

## مشق

ا۔ **غزل کے مطابق درج ذیل سوالات کے جوابات لکھیں۔**

ا۔ شاعر زمین و آسمان میں کیا ڈھونڈتا ہے؟
ب۔ وصل کا وقت جلد کیوں بیت جاتا ہے؟
ج۔ اہلِ دل سے کون سے لوگ مراد ہیں؟
د۔ محبت کا اولین درس کون سا ہے؟
ہ۔ خود پر نکتہ چینی کا کیا مطلب ہے؟
و۔ یدِ بیضا کی وضاحت کریں۔